سوال

(759) ایسا سبب جس سے طلاق ہوجاتی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت دعویٰ کرتی ہے کہ اس کا شوہر نامرد ہے، شوہر کو معاینہ کے لیے طلب کیا گیا تو وہ بھاگ گیا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کا مکتوب ملاحظہ ہوا کہ عورت مدعی ہے کہ اس کا شوہر نامرد ہے اور وہ خود تا حال باکرہ ہے۔ زوجہ کے اس انکار کی وجہ سے قاضی نے یہ طے کیا ہے کہ عورت کا دائیوں (لیڈی ڈاکٹرز) سے معاینہ کرایا جائے، تاکہ صورت حال واضح ہو۔ اور دوسری طرف شوہر بھاگ گیا ہے اور واپس نہیں آیا، اور قاضی نے اس معاملہ میں رہنمائی طلب کی ہے کہ عورت کے بارے میں کیا فیصلہ کیا جائے؟

اس مذکورہ معاملے میں غور وفکر کرنے سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ عورت کا دائیوں (لیڈی ڈاکٹرز) سے معاینہ کرانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اور ساتھ ہی شوہر کو طلب کیا جائے تاکہ اس کا عورت کے ساتھ جو دعویٰ ہے اسے صاف کیا جائے۔ اگر شوہر حاضر نہیں ہوتا تو قاضی کو چاہئے کہ شوہر کی غیر حاضری پر نظر کرے جو وہ اپنی بیوی سے غائب ہے، اور آیا وہ بیوی کو خرچ وغیرہ دے رہا ہے یا نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 543

محدث فتویٰ